Fikr-o-Nasar (Islamabad) 3:1 (1965)

الاستاذ علال الفاسی (مراکش)

حق خود ارادیت اور مسلم اقلیتیں

''تمام اسلامی حکومتیں اقوام متحدہ کے میثاق میں منسلک ھیں - سب کی سب تمام قوموں کے لئے حق خود ارادیت کی قائل ھیں - اور ان میں سے ھر ایک کا یہ مطالبہ ھے کہ ھر قوم کو اپنے اوپر حکومت کرنے کا حق ھونا چاھیئے - غرض اس پر سب مسلمانوں کا اتفاق ھے کہ اس اصول پر عمل کرنے کی ضرورت ھے - اسی حق کے بارے میں امیر عبد الکریم الخطابی (مرحوم) نے فرمایا تھا '' قوموں کے حق میں سے کوئی حق بھی اس سے کہ ھر قوم اپنے اوپر خود حکومت کرے ، زیادہ مقدس اور اعلا نہیں'' -

خدا کا شکر ھے کہ تمام مسلمان قومیں اسلام پر ایمان رکھتی ھیں - ان کا ضمیر بیدار ھے اور انہیں اسلام سے محبت ھے - اس کے باوجود کہ ان کے بعض افراد راہ راست سے بھٹک گئے ھیں اور اس کے باوصف کہ اجنبی اثرات کا ان پر تسلط ھے ، مسلمان قوموں کی سب سے بڑی آرزو یہی ھے کہ خدا کرے وہ دن جلد آئے جب ان کے ھاں صحیح معنوں میں اسلامی حکومت قائم ھو -

مسلمانوں کی ایک تو غالب اکثریتیں ھیں - جو اپنے اپنے ملکوں میں آزاد ھیں - اس وقت ان کے سامنے سب سے بڑا مقصد یہ ھونا چاھیئے کہ وہ ھر قسم کے اجنبی تسلط سے آزاد ھوں ، خواہ وہ تسلط زبان کا ھو ، یا افکار کا - یا وہ تسلط اقتصادی ھو یا سیاسی -

دوسرے مسلمانوں کی اقلیتیں ھیں ، خواہ وہ کہیں کم ھیں یا کہیں زیادہ - اب ان کے اور ان کے مسلمان بھائیوں کے درمیان دیوار کھینچ دی